30 اکتوبر 2013ء

پرانے ڈیزائن کے 50 روپے اور ایک ہزار روپے کے نوٹوں کو بتدریج منسوخ کرنے کا فیصلہ

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے پرانے ڈیزائن کے 50 روپے اور ایک ہزار روپے مالیت کے نوٹ منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ تمام کمرشل اور مائکروفنانس بینک پرانے ڈیزائن کے 50 روپے اور ایک ہزار روپے کے نوٹوں کا اجرا جمعہ یکم نومبر 2013ء سے بند کردیں گے۔ تاہم ایسے جو نوٹ گردش میں ہیں وہ تاحکم ثانی لیگل ٹینڈر کے طور پر استعمال میں رہیں گے۔ کمرشل اور مائکروفنانس بینکوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ عوام سے یہ بینک نوٹ وصول کرتے ہوئے اس کے بدلے میں انہیں دیگر تمام مالیت کے بینک نوٹ اور سکّے جاری کریں۔ بینکوں کے پاس پرانے ڈیزائن کے ان نوٹوں کا مناسب ذخیرہ جمع ہوجائے تو انہیں ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے دفاتر کو لوٹانا شروع کردیں گے۔

☆☆☆